# 20-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے دیوالی تہوار کے موقع پر گوا کے آئی این ایس وکرام کا دورہ کیا اور بحریہ کے فوجیوں کے ساتھ دیوالی منائی۔ کہا ملک میں دہشت گردی کا خاتمہ ہی حکومت کا مقصد ہے۔

۲۔ ملک اور ریاست بھر میں دیوالی تہوار روایتی جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ عقیدتمندوں نے مندروں میں خصوصی پوجا کی۔

۳۔ نظام آباد میں پولیس کانسٹیبل پرمود کے قتل کیس کے ملزم ریاض، پولیس فائرنگ میں ہلاک۔ ڈی جی پی نے پرمود کے افراد خاندان کو معقول امداد فراہم کرنے کا کیا اعلان۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے گوشہ محل اسٹیڈیم میں کل سے 31 اکتوبر تک یادگارِ شہیداں پولیس پروگرام منعقد ہوگا۔ وزیراعلیٰ افتتاحی تقریب میں کریں گے شرکت۔

## Cotton Purchase

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ ریاست بھر میں چہارشنبہ سے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا سی سی آئی کے ذریعہ کپاس کو خریدا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ معیار کے بیج کی کپاس کو فی کنٹل 8 ہزار 110 روپیوں میں خریدا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کل منعقد ہونے والے رعیتّو نیستم پروگرام میں ملک میں دالوں کی زیادہ پیداوار پر عہدیدار کسانوں میں شعور بیداری پیدا کریں گے۔

## Showcase

ریاستی طبی تعلیم کے ڈائرکٹر شیورام پرشاد نے کہا کہ ریاست میں قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے چلنے والے نرسنگ اسکولوں میں تنقیح کرتے ہوئے حکومت کو رپورٹ پیش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ 14 تعلیمی

اداروں کووجہ بتاؤ نوٹس بھی جاری کی گئی ہے۔ان میں سے 7 کالجس پہلے سے بتائے گئے پتہ پر نہیں ہیں جبکہ مزید سات تعلیمی ادارے قواعد کے مطابق بنیادی سہولتوں کوفراہم کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں۔اس پر وضاحت طلب کرتے ہوئے نوٹس جاری کی گئی ہے۔

Riyaz Death

نظام آباد میں کانسٹیبل پرمود کے قتل کیس کے ملزم ریاض پولیس فائرنگ میں ہلاک ہوگیا۔دواخانہ میں زیرعلاج ریاض باہر خدمات انجام دینے والے اے آر کانسٹبل کے گن کو حاصل کرتے ہوئے ڈرا اور دھمکایا تھا پولیس نے اپنی چوکسی کے ذریعہ اس پر فائرنگ کی ۔ یہ بات ڈی جی پی شیوادھر ریڈی نے بتائی۔ڈی جی پی نے کہا کہ اگر وہ فائرنگ کرتا تو بہت سی جانوں کا نقصان ہوسکتا تھا۔اپنے جانوں کے تحفظ کیلئے فائرنگ ضروری تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملزم ریاض نے کل نظام آباد میں گرفتار کرنے کے دوران ہوئی دھکم پیل میں زخمی ریاض کوعلاج کیلئے ہسپتال میں شریک کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ کانسٹبل پرمود کے خاندان کوایک کروڑ روپے کی امداد دی جائے گی اور خاندان میں کسی ایک فرد کوسرکاری ملازمت فراہم کی جائے گی اور پرمود کے وظیفہ تک آنے والی تنخواہ کوبھی دیا جائے گا اور پولیس تحفظ اسکیم کے تحت ایک لاکھ روپے اور پولیس اسکیم کے تحت آٹھ لاکھ روپے دئے جائیں گےاوران کے خاندان کوتین سوگز زمین بھی دی جائے گی۔

Cyber Fraud

ورنگل اے سی بی کے ڈی ایس پی سامبیا نے کہا کہ ورنگل ضلع میں اے سی بی کے نام پر سائبر دھوکہ دہی ہورہی ہے۔انہوں نے اس ادارہ کے ذریعہ آنے والے فونوں پر توجہ نہ دینے عوام پر زوردیا۔انہوں نے کہا کہ اے سی بی کے نام پر بعض نمبروں کے ذریعہ عوام کوفون کرتے ہوئے رقم کا مطالبہ کیا جارہا ہے جس کی شکایت انہیں حاصل ہوئی ہے۔انہوں نے ایسے فونوں پر توجہ نہ دینے عوام کوہدایت دی۔

PM Goa

وزیراعظم نریندر مودی نے دیوالی تہوار کے موقع پر گوا کے آئی این ایس وکرام کا دورہ کیا اور بحریہ کے فوجیوں کے ساتھ دیوالی منائی۔ اس موقع پر وزیراعظم مودی نے کہا کہ ہندوستانی فوج نے آپریشن سندور کے موقع پر اپنی ہمت کے ذریعہ پاکستان کو زبردست سبق سکھایا۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے پہلگام میں ہوئے حملہ کے جواب میں ہندوستانی فوج نے اِس سال کے سات مئی کو آپریشن سندور کا آغاز کیا اور پاکستان کو سبق سکھایا۔

Sound Byte. Modi

اس موقع وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ ماؤسٹوں سے پاک ملک ہی حکومت کا مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں کے خلاف حکومت آپریشن کگر کا آغاز کر چکی ہے۔ گیارہ سال قبل ایک سو چھبیس اضلاع تک پھیلنے والی دہشت گردی اب تین اضلاع تک محدود ہو کر رہ گئی۔ ملک میں سو سے زائد ماؤسٹوں سے نجات حاصل کئے ہیں۔

Diwali

ملک بھر میں دیوالی تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ دیہاتوں سے لے کر شہروں تک روشنیوں سے سجایا گیا ہے۔ حیدرآباد میں مختلف تجارتی اداروں، مارکٹ اور دفاتر کو روشنی سے سجایا گیا ہے۔ حیدرآباد، چارمینار، بھاگیہ لکشمی مندر میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد خصوصی پوجا کر رہی ہے۔ ریاست بھر میں مختلف منادر عقیدتمندوں سے بھرپور نظر آرہے ہیں۔ ترملا مندر میں دیپاولی کا جوش وخروش دیکھا گیا۔ عقیدتمندوں نے بڑی تعداد میں پوجا کی۔ کنچی کاماکوٹی پیٹھادی پتی شری وجندرا سرسوتی سوامی نے ترملا مندر کا دورہ کیا اور دیوالی تہوار کے موقع پر پٹاخے جلانے کے دوران عوام کو چوکس رہنے کا محکمہ فائر بریگیڈ

کے آئی جی وکرم سنگھ مان نے مشورہ دیا تا کہ حادثات سے محفوظ رکھا جا سکے۔انہوں نے کسی بھی نا گہانی صورتحال پرٹول فری نمبر101، 112 کو کال کرنے عوام کو مشورہ دیا۔

Police Myrties

ڈی جی پی شیوادھر ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد کے گوشہ محل اسٹیڈی میں کل سے اکتیس اکتوبر تک یادگارِ شہیداں پولیس پروگرام منعقد کیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس افتتاحی تقریب میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ اس سال ملک بھر میں 191 پولیس ملازمین شہید ہوئے ہیں جن میں تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے پانچ ملازمین شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہلی میں منعقد ہونے والی اہم تقریب میں وزیر دفاع رراج ناتھ سنگھ پولیس شہدا کوخراج پیش کریں گے اوراس موقع پر پولیس اور مقامی مسلح افواج کے ذریعہ فلیگ مارچ کیا جائیگا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ دہشت گردی سے دہائیوں تک ترقی سے دور رہنے والے مختلف اضلاع اب ترقی کے میدان میں آگے بڑھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آنے والے سال مارچ 31 تک ملک میں دہشت گردی کو ختم کرنے کے لئے عمل میں لائے جانے والی تحریک آپریشن گگر کے بہتر نتائج برآمد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عوامی زندگی میں شامل ہورہے ہیں اور حکومت کے سامنے خودسپردگی اختیار کررہے ہیں جو بہت ہی اچھی بات ہے۔انہوں نے کہا کہ خودسپردگی اختیار کرنے والے افراد میں زیادہ تر افراد کا تعلق تلگو ریاستوں سے ہے۔

Education

ریاست کے ہائر ایجوکیشن کے چیرمین اکنوری مرلی نے کہا کہ ریاست میں شہروں اور دیہاتوں میں بغیر کوئی فرق کے معیاری تعلیم فراہم کرنا ہی حکومت کا اہم مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم کی

فراہم کیلئے بہتر سوچ کی ضرورت ہے۔انہوں نے حیدرآباد میں گزشتہ کل منعقد گزیٹیڈ ٹیچرس سنگم ریاستی کونسل کے اجلاس میں سنگم کے ہینڈ بک کو جاری کیا۔

Diwali Round Up

دیوالی تہوار کے موقع پر ریاست بھر میں مختلف منادر میں عقیدتمند خصوصی پوجا کررہے ہیں۔راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ سری راجا راجیشورا سوامی مندر میں ہی آج صبح سے ہی عقیدتمندوں کی بڑی تعداد پوجا کرتے ہوئے دیکھی جارہی ہے۔آصف آباد ضلع کے مختلف منادر میں بھی خصوصی پوجا کی جارہی ہے جبکہ جگتیال ضلع کے دھرما پوری سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں کونڈاگٹو سری انجنیا سوامی مندر میں خصوصی پوجا کی گئی۔ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن نے مندر میں خصوصی پوجا کی۔

Rajanna  Sircilla

راجنا سرسلہ ضلع میں دیوالی تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ضلع کے محکمہ فائر بریگیڈ کے عہدیدار وی نریندر نے عوام سے کہا کہ وہ پٹاخہ جلانے کے دوران احتیاط سے کام لیں تا کہ کوئی حادثہ پیش نہ آسکے۔ Sound Byte. V.Narendar

Collector Rahul Raj

میدک ضلع کلکٹر راہول راج نے کہا کہ ضلع میں کسی بھی آتشزدگی کے واقعات کی روک تھام کیلئے محکمہ فائر بریگیڈ کی جانب سے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔آج انہوں نے ضلع کے محکمہ فائر اسٹیشن کا دورہ کیا اور اس موقع پر انہوں نے محکمہ فائر بریگیڈ کے عملہ کی حاضری اور دیگر امور کا جائزہ لیا انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات اور آگ لگنے کے واقعات سے نمٹنے اور جانی نقصانات سے قابو پانے کے لئے محکمہ فائر بریگیڈ پوری طریقہ سے تیار ہے۔

OO